SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

نمبر (۱۴) | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۷ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۴ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء | جلد (۵۵)

حصہ اول

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

(۱) منظوری ترسیل نقشہ جات واصل باقی بجٹ، زردشگی، رخصت ملازمان و نقشہ واصل باقی خزانہ وغیرہ باجلاس ہمایوں۔ حسب مراسلت مرسلہ جناب عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۲۷ مارچ ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ آیندہ نقشہ جات باوقات مصرحہ عرضداشت پیش کئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرسانند

جناب عالی

صیغہ جات ریاست سے نقشہ جات واصلباقی بجٹ زرپیشگی رخصت ملازمان اور عدالتوں سے نقشہ جات مقدمات ہفتہ وار ماہوار سہ ماہی ششماہی سالانہ اور فنانس آفس سے روزانہ نقشہ واصلباقی خزانہ مرتب ہوکر اجلاس ہمایوں میں پیش ہوتے ہیں۔

جنگ کیوجہ سے کاغذ کی قیمت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔ اور اسکی فراہمی میں دشواریاں بھی پیش آنے لگی ہیں اور احتمال و خطرہ ہے کہ آیندہ کاغذ وافر تعداد میں دستیاب بھی نہیں ہوسکے گا۔

اس بارہ میں ترتیخواہ کے عرض کرنے پر اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم نے زبانی منظور فرمالیا ہے کہ آیندہ نقشہ جات ماہانہ سہ ماہی ششماہی۔ اور سالانہ پیش ہوں گے۔

عرضداشت بحضور پرنور اشرف پیش ہو۔ ترتیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری ضابطہ شرف صدور پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

تحویل دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر۔ مورخہ ۲۳ مارچ ۱۹۴۲ء